15/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گُل سے خبریں سُنئے

موسم

وادی کے بیشتر بالائی علاقوں میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی برف باری جبکہ میدانی علاقوں بشمول شہر سرینگر میں وقفے وقفے سے بارش ہو رہی ہے جس کے نتیجے میں درجہ حرارت میں کمی درج کی گئی ہے ۔مختلف اضلاع میں ہمارے نمائندوں کے مطابق بالائی علاقوں میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی برف باری جبکہ میدانی علاقوں میں نصف شب سے ہی بارشیں ہو رہی ہیں ۔

گاندربل ضلع کے زوجیلا ٹنل کے آر پار تقریباً ڈھائی فٹ جبکہ ضلع کے سونہ مرگ مینڈیڑھ فٹ برف جمع ہوئی ہے۔

کپواڑہ ضلع کے سادھنا پاس ، فرکیاں ٹاپ ،زیڈ گلی اور ضلع کے دوسرے بالائی علاقوں میں تازہ برف باری کے نتیجے میں تقریباً ایک فٹ برف جمع ہو گئی ہے جبکہ میدانی علاقوں میں اس وقت بھی بارش ہو رہی ہے۔

دریں اثناءبڈگام کے دودھ پتھری اور اس کے آس پاس علاقوں میں چھ انچ برف درج کی گئی ہے ۔بانڈی پورہ کے بالائی علاقونمیں بھی چھ سے سات انچ برف ریکارڈ کی گئی ہے ۔

اننت ناگ کے سنتھن ٹاپ ، پہلگام ، کاپرن اور شوپیاں ضلع کے بالائی علاقوں میں بھی دو سے تین انچ برف جمع ہوئی ہے ۔صحت افزا مقام گلمرگ میں بھی برف باری کی اطلاع ہے ۔

اِدھر سرینگر میں بارش کے نتیجے میں نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہوا ہے ، جس سے□وگوں کو چلنے پھرنے میں دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔□ابتہ متعلقہ محکمے پانی کی نکاسی کے عمل کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

شاہراہ

بارش کے باوجود سرینگر جموں قومی شاہراہ چھوٹی گاڑیوں کے لئے دونوں اطراف سے کھلی ہے۔ ہمارے نمائندے نے حکام کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ مال بردار گاڑیوں کو آج صرف سرینگر سے جموں جانے کی اجازت ہو گی ۔ ڈرائیوروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہاں نظم و ضبط پر عمل کر کے اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔

بانڈی پورہ میں برف باری کے نتیجے میں بانڈی پورہ گریز روڑ کو گاڑیوں کی آمد رفت کے لئے بند کر دیا گیا ہے ۔ سرینگر کرگل روڑ // بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ //سنتھن کشتواڑروڑ // اورچوکیبل ٹنگڈار روڑ بھی ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

اسمبلی

جموں کشمیر اسمبلی کا بجٹ اجلاس ایک دن کی چھٹی کے بعد آج سے پھر شروع ہوا ۔ بجٹ اجلاس کے آج 11 ویندن مختلف محکموں کے مطابات زر پر بھی بحث جاری ہے ۔

اجلاس کے دوران مختلف حلقوں سے آئے ہوئے ارکان اسمبلی لگ بھگ نوعیت کے ترقیاتی اور سماجی معاملات اٹھا رہے ہیں جن کا متعلقہ وزیر جواب دے رہے ہیں ۔ واضح رہے کہ یہ اجلاس روان ماہ کی تین تاریخ کو شروع ہوا تھا۔

عالمی دن

آج صارفین کے حقوق کا عالمی دن ہے ، جس دوران صارفین کو اُن کے حقوق کے بارے میں بیداری دی جا رہی ہے ۔ جموں کشمیر میں بھی اس سلسلے میں کئی تقاریب کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

امور صارفین کی مرکزی وزارت جاگو گراہک جاگو ابھیان کے تحت پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی کئی پروگراموں کا اہتمام کر رہی ہے ۔

ریاضیات

ریاضیات زندگی کے ہر ایک شعبے بالخصوص آرٹ اور تعلیم کے سیکٹر میں کلیدی رول ادا کر رہا ہے ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ جموں یونیورسٹی میں ریاضیات شعبے کے پروفیسر، کے رول کے بارے میں کہا ۔ Mathematics ڈاکٹر کلدیپ سنگھ چاڈک نے

لیبر کمشنر

لیبر کمشنر چرن دیپ سنگھ نے جموں میں مختلف ٹریڈ یونین نمائندوں سے بات چیت کے دوران کہا کہ اس سے محکمے اور ٹریڈ یونین کے درمیان آپسی تال میل مزید مستحکم ہو جائے گا ۔
انہوں نے کہا کہ جو تجویز کارخا نہ داروں نے ان کے سامنے رکھیں اُن کو مرحلہ وار طریقے پر حل کیا جائے گا ۔

ریٹرنز مقررہ وقت پر Annual انہوں نے کارخانداروں سے تاکید کی کہ وہ اپنے کارخانوں کے ہی جمع کرائیں ۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

سینٹرکے افتتاح Reduce, Recycle and Reuse ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن نے ضلع میں کے بعد لوگوں سے اپیل کی کہ وہ گھروں میں اضافی کپڑوں اور دوسری چیزوں کو اس سینٹر میں رکھیں تاکہ ان کو ضرورت مند افراد میں تقسیم کیا جا سکے ۔

انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس سینٹر کے بننے سے ضلع میں کوڑے کو ٹھکانے لگانے میں بڑی حد تک مدد ملے گی ۔

بڈگام

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی بڈگام نے قیدیوں کو ضمانت اور دیگر مفت قانونی سہولیات کے بارے میں جانکاری دی ۔ پروگرام میں ماہرین قانون اور مختلف جیلوں کے حکام کے علاوہ عام لوگ بھی موجود تھے۔

پولیس

پولیس نے گاندربل ضلع کے چیک ینگورا
گاو

ں میں چوری کی واردات کا معاملہ حل کیا ہے ۔ چوری کی اس واردات مینپارم پورہ کے امتیاز غ احمد گورو، گُنڈ روشن رہِتار کے ہلال ڈار اور عادل صوفی ، گُزہامہ گاندربل کے جاوید احمد میر نیز وانگی پورہ سنبل کے لطیف ڈار ملوث تھے ۔

واضح رہے کہ ضلع کے چیک ینگورا کے رہنے والے عبدالرحمان شاہ کے مکان میں گزشتہ سال 11 اور 12 ستمبر کی درمیانی رات کو چوری ہوئی تھی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ